# اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

نظیرؔ اکبر آبادی

پیدائش: ۱۷۴۰ء
وفات: ۱۶؍اگست ۱۸۳۰ء

ولی محمد نظیرؔ اکبر آبادی دہلی میں پیدا ہوئے۔ اس زمانے میں دہلی کے حالات اچھے نہ تھے اس لیے وہ آگرہ چلے گئے۔ یہاں وہ ایک مالدار شخص لالہ بلاس رائے کے لڑکوں کو فارسی پڑھانے لگے۔

نظیرؔ بڑے خوددار شخص تھے۔ انھیں تاج محل اور آگرے کے گلی کوچوں سے بڑی محبت تھی اس لیے وہ زندگی بھر آگرے میں رہے۔ ان کی زبان بڑی سادہ اور عام فہم تھی۔ انھوں نے ہولی، دیوالی، عید وغیرہ تہواروں پر بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ ان کی غزلوں اور نظموں کا مجموعہ 'کلیاتِ نظیرؔ' کے نام سے چھپ چکا ہے۔

اس نظم میں شاعر دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو عزّت سے اور تن درست رکھے کیونکہ تن درستی اور عزت ہی دنیا کی سب سے بڑی دولت ہے۔

جتنے سخن ہیں ، سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

عاجز ہو یا حقیر ہو پر تن درست ہو — بے زَر ہو یا امیر ہو پر تن درست ہو
قیدی ہو یا اسیر ہو پر تن درست ہو — مُفلس ہو یا فقیر ہو پر تن درست ہو
جتنے سخن ہیں ، سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست

آیا جو دل میں ، سیرِ چمن کو چلے گئے — بازار ، چوک ، سیر تماشے میں خوش ہوئے
بیٹھے اُٹھے خوشی سے ، ہر اک جا چلے پھِرے — جاگے مزے میں رات کو یا خوش ہو ، سو رہے
جتنے سخن ہیں ، سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تن درست





ادنیٰ ہو یا غریب ، توَنگر ہو یا فقیر
ہے سب کو تن درستی و حُرمت ہی دِل پذیر
یا بادشاہ شہر کا ، یا مُلک کا وزیر
جو تو نے اب کہا ، سو یہی سچ ہے ، اے نظیؔر

جتنے سخن ہیں ، سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرؤ سے رکھے اور تن درست

*************

| | | |
|---|---|---|
| سخن | - | قول، بات |
| آبرؤ | - | عزّت |
| تن | - | جسم |
| عاجز | - | مجبور |
| حقیر | - | معمولی، بے قیمت |
| بے زر | - | غریب |
| اسیر | - | قیدی |
| دل میں آنا | - | خواہش ہونا |
| سیرِ چمن | - | باغ کی سیر |
| جا | - | جگہ |
| توَنگر | - | امیر |
| حرمت | - | عزّت |
| دل پذیر | - | دل کو پسند آنے والی |

## مشق



❋ **نظم کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔**

۱۔ اللہ .................... سے رکھے اور تن درست
۲۔ قیدی ہو یا ................ ہو پر تن درست ہو
۳۔ آیا جو دل میں ................. کو چلے گئے
۴۔ ہے سب کو تن درستی و حرمت ہی .................

❋ **ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

۱۔ شاعر نے کس بات کو سب سے درست کہا ہے؟
۲۔ شاعر نے کن لوگوں کی عزّت اور تن درستی کی دعا مانگی ہے؟
۳۔ اس نظم میں شاعر نے کس بات کی اہمیت بتائی ہے؟

❋ **مختصر جواب لکھیے۔**

تن درست آدمی زندگی کے کون سے لطف اُٹھا سکتا ہے؟

**سرگرمی :** ۱۔ نظیؔر اکبرآبادی کی کوئی دوسری نظم تلاش کر کے جماعت میں سنائیے۔
۲۔ ’تن درستی ہزار نعمت ہے‘ اس عنوان پر دس بارہ جملے لکھیے۔

3UEPLI